# 15-01-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ریاست بھر میں آج مکرسنکرانتی تہوار روایتی جوش وخروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔وزیراعظم نریندر مودی سمیت کئی اہم شخصیات نے عوام کو مبارکباد پیش کی۔

۲۔آرمی ڈے کے موقع پر صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھا کرشنن اور وزیرِ اعظم نریندر مودی نے بہادر فوجیوں، سابق فوجیوں اور ان کے ارکانِ خاندان کو مبارکباد پیش کی۔

۳۔تلنگانہ کے اسپیکر اسمبلی گڈم پرساد کمار نے پارٹی سے انحراف کے الزامات کا سامنا کرنے والے دو ارکانِ اسمبلی کالے یادیا اور پوچارم سرینواس ریڈی کے خلاف کارروائی سے انکار کردیا۔

اور

۴۔ریاست میں سردی کی شدت میں کمی آئی ہے۔شدید سردی سے مشکلات کا شکار عوام کو بدلتے ہوئے موسم کی وجہ سے راحت حاصل ہوئی۔

Sankranti

ریاست بھر میں آج مکرسنکرانتی تہوار روایتی جوش وخروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔وزیراعظم نریندر مودی سمیت کئی اہم شخصیات نے عوام کو مبارکباد پیش کی ہے۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ریاست کے عوام کو سنکرانتی کی مبارکباد دی۔ چیف منسٹر نے کہا کہ عوامی حکمرانی میں اِس سنکرانتی میں دوبارہ تاریخ رقم کی ہے۔ چیف منسٹر کے علاوہ دیگر وزرا اور قائدین نے بھی ریاست کے عوام کو مبارکباد پیش کی ہے۔ اِس دوران TGSPDCL کے چیرمین ومنیجنگ ڈائرکٹر مشرف فاروقی نے مشورہ دیا ہے کہ پتنگ بازی کے دوران حادثات سے محفوظ رہنے کیلئے برقی تاروں اور ٹرانس فارمرس سے دور رہ کر پتنگیں اڑائی جائیں۔

## Kite Festival

سکندرآباد پریڈ گراونڈ میں منعقدہ انٹرنیشنل کائٹ اینڈ سوئٹ فیسٹول آج اختتام کو پہنچے گا۔سنکرانتی کے پیش نظر منعقدہ تین روزہ کائٹ فیسٹول میں آج عوام کی کثیر تعداد پہنچ رہی ہے۔ 19 ممالک سے تقریباً40 پتنگ باز اس پروگرام میں حصہ لے رہے ہیں جبکہ 60 اسٹالس میں مختلف ریاستوں کے پکوان رکھے گئے ہیں۔ اِس دوران پریڈ گراؤنڈ اوراس کے اطراف واکناف کے علاقوں میں ٹرافک تحدیدات عائد ہیں۔سنکرانتی کے پیش نظر کل سے اس مہینہ کی 18 تاریخ تک ہارٹ ایر بلون فیسٹول کل اور پرسوں گچی باؤلی اسٹیڈیم میں ڈرون شو منعقد ہوگا۔ان فیسٹولس کیلئے سرکاری عہدیداروں کی جانب سے مناسب انتظامات کئے گئے ہیں۔

## CM Cup

ریاستی حکومت اورمحکمہ اسپورٹس کے زیراہتمام تلنگانہ اسپورٹس اتھاریٹی کی جانب سے منعقدہ دوسرے مرحلہ کے سی ایم کپ 2025ء کیلئے انتظامات کئے جارہے ہیں۔ریاست گیر سطح پر منعقد ہونے والے یہ مقابلے پرسوں سے اِس مہینہ کی 23 تاریخ تک دیہی سطح پر شروع ہوں گے۔تاحال تقریباً70 ہزار کھلاڑیوں نے آن لائن اپنے نام کا اندراج کروایا ہے۔ ریاستی وزیر وی شری ہری نے بتایا کہ باصلاحیت کھلاڑیوں کی نشاندہی،2036 اولمپلکس میں ریاست کی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے کے مقصد سے یہ مقابلے منعقد کئے جارہے ہیں۔تلنگانہ اسپورٹس اتھاریٹی کے صدرنشین شیوسینا ریڈی نے بتایا کہ گزشتہ سال سی ایم کپ سے متاثر ہوکر اِس سال وسیع پیمانے پر انتظامات کئے جارہے ہیں۔

## Weather

ریاست میں سردی کی شدت میں کمی آئی ہے۔شدید سردی سے مشکلات کا شکار عوام کو بدلتے ہوئے موسم کی وجہ سے راحت حاصل ہوئی ہے۔اگلے تین تا چار دنوں میں ریاست میں خشک موسم رہنے کی محکمہ

موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے۔ بتایا گیا ہے کہ خلیج بنگال میں بنے ہوئے ہوا کے کم دباؤ کے اثر سے اقل ترین درجہ حرارت 29 ڈگری تک بڑھنے کے امکانات ہیں۔ اسی دوران سنگاریڈی، کاماریڈی اضلاع کے علاوہ بیدر کے سرحدی علاقوں میں بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔

Alive Arrive

ضلع ایس پی مہیش بی گیتے نے ایک بیان میں بتایا کہ ریاستی حکومت کی جانب سے شروع کردہ Arrive Alive پروگرام ضلع راجنا سرسلہ میں دس دن تک جاری رہے گا۔ اس دوران روڈ سیفٹی سے متعلق شعور بیداری کیلئے کوئز اور دیگر مقابلے منعقد کئے جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ سرسلہ ویملواڑہ مین روڈ پر ناجائز قبضوں کو برخواست کرتے ہوئے پر ہجوم مقامات پر بیر کیڈس لگائے جائیں گے۔

vhip Temple city

گورنمنٹ وہپ وویملواڑہ کے رکن اسمبلی سرینواس نے بتایا کہ ترقی اور فلاح کو ترجیح دیتے ہوئے ان کی حکومت عوامی ستائش حاصل کررہی ہے۔ ویملواڑہ میں انہوں نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ویملواڑہ ٹمپل سٹی کے طور پر فروغ دیا جائے گا۔ تاحال ایک سو پچاس کروڑ روپے سے مندر کی ترقی اور 47 کروڑ کی لاگت سے سڑکوں کی توسیع کے کام کئے جارہے ہیں۔

Out Flow

راجنا سرسلہ ضلع کے ایلنتا کنٹہ منڈل انت گری انا پورنا پراجکٹ سے نشیبی علاقوں کو پانی چھوڑا جارہا ہے۔ یہ بات پراجکٹ انجینئرنگ عہدیداروں نے بتائی۔ اس وقت پانی کا ذخیرہ تین اعشاریہ 27 ٹی ایم سی ہے جبکہ آؤٹ فلو 62 کیوسک بتایا گیا ہے۔ پانی مرکزی کنال سے چھوڑا جارہا ہے۔

China Manjha

سوریہ پیٹ ضلع کے ایس پی نرسمہا نے بتایا کہ ضلع نلگنڈہ میں چینی مانجھے کی فروخت کے خلاف سخت نظر رکھی جارہی ہے۔ ضلع بھر کے تمام پولیس اسٹیشنوں کے حدود میں اچانک تنقیح کی جارہی ہے۔ اِس دوران غیرقانونی طور پر چینی مانجھا فروخت کرنے والے چھ افراد کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ انہوں نے انتباہ دیا کہ عوامی جانوں کو نقصان پہنچانے والی اشیاء کی فروخت پر سخت کارروائی کی جائے گی۔ چینی مانجھے کی فروخت کرنے والوں سے متعلق اطلاع دینے کی عوام سے خواہش کی گئی ہے۔

Talasani

ضلع راجنا سرسلہ ویملواڑہ شری راجہ راجیشورا سوامی دیواستھانم میں بالوں کے حصول سے متعلق ٹنڈر کے تنازعہ کا ہائی کورٹ میں اختتام ہوا۔ یہ بات مندر کے عہدیداروں نے بتائی۔ گزشتہ سال اپریل میں بالوں کے حصول سے متعلق محکمہ انڈومنٹ کی جانب سے ای۔ٹنڈرس طلب کئے گئے تھے۔ سب سے زیادہ بولی لگانے والے کالاواٹی انٹرپرائیزس کمپنی کو یہ کنٹراکٹ حاصل ہوا تھا۔ ٹنڈر کے عمل میں شامل ہونے کا موقع فراہم نہ کرنے کا الزام عائد کرتے ہوئے دورائی انٹرپرائیزس نے ٹنڈر منسوخ کرنے کی خواہش کرتے ہوئے عدالت سے رجوع کیا تھا۔ اس مقدمہ کی سماعت جسٹس موشمی بھٹاچاریہ، جسٹس گاڑی پروین کمار کی بنچ نے کی۔ عدالت نے واضح کیا کہ بولی میں حصہ نہ لینے والی کمپنی کو دوسروں کو مختص کئے گئے ٹنڈر پر چیالنج کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔

CM Visit

چیف منسٹر ریونت ریڈی کل عادل آباد ضلع کا دورہ کریں گے۔ پونگل صدرمٹ بیارج کا چیف منسٹر آغاز کریں گے۔ اس تناظر میں آج ضلع کلکٹر ابھیلاشا ابھینو، ایس پی جانکی شرملا نے دورہ کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ بیاریج ہیلی پیاڈ کے ساتھ گیٹس کے ذریعہ پانی چھوڑنے کے لئے استعمال کئے جانے والے

ریموٹ سوئچ کی کارکردگی کا معائنہ کیا گیا۔ایس پی نے بتایا کہ سخت ترین سیکورٹی انتظامات کئے گئے ہیں۔صرف بیس افراد کو ہی بیارتیج کے پاس آنے کی اجازت رہے گی۔

Meeting

چیف منسٹر ریونت ریڈی کی صدارت میں سویل ملٹری لائزن کانفرنس حیدرآباد کے کمانڈ کنٹرول سنٹر میں شروع ہوئی۔ ہندوستانی فوج اور تلنگانہ حکومت کے درمیان زیر التوا اراضیات کے مسائل اور دیگر انتظامی معاملات کی تیزی سے یکسوئی اس اجلاس کا اہم مقصد ہے۔حکومت کے چیف سکریٹری راما کرشنا راؤ، تلنگانہ اینڈ آندھرا سب ایریا جنرل آفیسر کمانڈنگ میجر جنرل اجئے مشرااور ڈی جی پی شیودھر ریڈی کے علاوہ بعض اعلیٰ عہدیداران اس اجلاس میں شریک ہیں۔

Clean chit

تلنگانہ کے اسپیکر اسمبلی گڈم پرساد کمار نے پارٹی سے انحراف کے الزامات کا سامنا کرنے والے دو ارکانِ اسمبلی کالے یادیا اور پوچارم سرینواس ریڈی کے خلاف کارروائی سے انکار کردیا۔اسپیکر نے واضح کیا کہ الزامات کا سامنا کرنے والے ارکانِ اسمبلی بی آر ایس میں ہی ان کے پارٹی تبدیل کرنے کے شواہد نہیں ہیں۔واضح رہے کہ تا حال پانچ ارکانِ اسمبلی کو اسپیکر کی جانب سے کلین چٹ دی جا چکی ہے جبکہ ارکانِ اسمبلی دانم ناگیندر اور کڈیم سری ہری کے خلاف کی گئی شکایت پر سماعت ہونی ہے۔جگتیال کے رکن اسمبلی سنجے کمار کے خلاف داخل نااہلی کی درخواست پر سماعت مکمل ہوگئی اور فیصلہ محفوظ رکھا گیا ہے۔ ارکانِ اسمبلی کو نااہل قرار دینے کی درخواستوں پر کل سپریم کورٹ میں سماعت کے تناظر میں اسپیکر پرساد کمار نے پہلے ہی فیصلہ سنا دیا ہے۔

Water Release

منچر یال کے رکن اسمبلی پریم ساگر راؤ نے کہا ہے کہ کسانوں کی فلاح و بہبود کے مقصد سے کانگریس حکومت خدمات انجام دے رہی ہے۔انہوں نے آج ضلع کلکٹر کمار دیپک کے ساتھ دنڈے پلی منڈل کے تانی مڈگو کے قریب کڑم کی نہر سے گوڑم لفٹ اریگیشن اسکیم کے ذریعہ یاسنگی کی کاشت کیلئے خصوصی پوجا کے ساتھ پانی جاری کیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ سابق میں سیلاب کی وجہ سے پمپس کو نقصان پہنچا تھا جنہیں محفوظ مقام پر تبدیل کیا گیا۔اسی لئے پانی کی اجرائی میں تاخیر ہوئی۔

Sound Byte.

Niranjan Reddy

سابق ریاستی وزیر سنگی ریڈی نرنجن ریڈی نے کہا کہ صحتمند خوراک کی کاشت کیلئے مٹی کی زرخیزی کی حفاظت کی جانی چاہیئے۔ انہوں نے تجویز پیش کی کی پائیدار زراعت زمین کے زرخیزی کے تحفظ میں کلیدی رول ادا کر سکتے ہیں۔

Sound Byte.

Army Day

آرمی ڈے کے موقع پر صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھا کرشنن اور وزیرِ اعظم نریندر مودی نے دلیر فوجیوں، سابق فوجیوں اور ان کے ارکانِ خاندان کو مبارکباد پیش کی ہے۔سوشل میڈیا میں صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ ہندوستانی فوج، ملک کے اتحاد، خودمختاری اور سالمیت کے تحفظ کی خاطر مسلسل خدمات انجام دے رہی ہے۔صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ ملک مقدم کا اُن کا غیر متزلزل جذبہ ہر بھارتی کو تحریک دے رہا ہے۔نائب صدر جمہوریہ نے کہا کہ فوجی اہلکاروں کی شجاعت، ڈسپلن اور عظیم قربانی ہر شہری کو ترغیب دیتی ہے۔وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا کہ ملک ہندوستان، فوج کی

ہمت اور پختہ عزم کو سلام پیش کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ ناموافق صورتحال میں بے لوث خدمت اور ملک کے تحفظ کی ایک علامت ہیں۔ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ ملک کی خودمختاری کی حفاظت کیلئے فوج کی ناقابل تسخیر، ہمت، قربانی اور عزم کو ملک سلام کرتا ہے۔

○○